BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

برامپٹن کے رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ MPAC کے پورٹل Voterlookup.ca پر تفصیلات چیک کریں

برامپٹن، آج (14 اپریل 2022) – اکتوبر میں منعقد کیے جانے والے 2022 کے برامپٹن میونسپل اور اسکول بورڈ کے انتخابات میں 200 دن سے بھی کم وقت رہ گیا ہے، لہٰذا اب ووٹ ڈالنے کی منصوبہ بندی شروع کرنے کا وقت ہے۔ سٹی آف برامپٹن اپنے رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ Voterlookup.ca پر جائیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ انہیں انتخاب کنندگان کی ابتدائی فہرست میں شامل کیا گیا ہو اور ان کی تمام معلومات بھی درست ہوں۔

میونسپل پراپرٹی اسیسمنٹ کارپوریشن (MPAC) انتخاب کنندگان کی ابتدائی فہرست کو برقرار رکھتی ہے، جس کا استعمال انتخابات کے لیے ووٹرز کی فہرست تیار کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ Voterlookup.ca استعمال میں آسان ایک آن لائن سروس ہے جو MPAC کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔

جھلکیاں:

- 2022 برامپٹن میونسپل اینڈ سکول بورڈ الیکشن میں ایک اہل ووٹر وہ شخص ہو گا جس کی عمر کم از کم 18 سال ہو، وہ کینیڈا کا شہری اور برامپٹن کا رہائشی ہو یا برامپٹن میں کسی جائیداد کا مالک یا کرایہ دار ہو یا ان شرائط پر پورا اترنے والے کسی مالک مکان یا کرایہ دار کا/کی شریک حیات ہو۔
- اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے کہ آنے والے میونسپل الیکشن کے لیے آپ کی معلومات درست طریقے سے ریکارڈ کی گئی ہیں، Voterlookup.ca پر جائیں اور اپنی میونسپلٹی، مکمل نام، تاریخ پیدائش اور یا تو اپنی پراپرٹی کا پتہ یا اسیسمنٹ رول نمبر درج کریں۔
- اگر آپ کا نام پچھلے میونسپل الیکشن کے دوران ووٹرز کی فہرست میں موجود تھا، تو تب بھی اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے ابھی فہرست چیک کریں کہ آیا آپ کی تفصیلات درست ہیں یا نہیں۔
- اگر آپ گزشتہ چند سالوں میں 18 سال کے ہو ئے ہیں، حال ہی میں برامپٹن میں یا اس کے اندر منتقل ہوئے ہیں یا آپ کینیڈا کے نئے شہری ہیں، تو voterlookup.ca پر اپنی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں۔
- اس سال صوبائی الیکشن بھی 2 جون کو منعقد ہو رہے ہیں۔ رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنی معلومات کی تصدیق یا اپ ڈیٹ کرنے کے لیے eregistration.elections.on.ca پر صوبائی ووٹرز کی فہرست چیک کریں۔

مزید جاننے کے لیے voterlookup.ca ملاحظہ کریں یا MPAC سے 1.866.296.6722 یا TTY 1.877.889.6722 پر رابطہ قائم کریں۔

اقتباس

"MPAC کے voterlookup.ca پورٹل پر اپنی معلومات کے درست ہونے کی تصدیق کرنا 2022 کے برامپٹن میونسپل اور اسکول بورڈ کے انتخابات میں ووٹ دینے کے لیے تیار ہونے کی جانب ایک اہم اور پہلا قدم ہے۔ اہل رائے دہندگان اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ فہرست میں ان کی معلومات تازہ ترین اور درست ہوں تاکہ ووٹنگ کے دن اپنے ووٹنگ کے مقام پر بروقت پہنچ سکیں۔"

- *پیٹر فے، سٹی کلرک اور ریٹرننگ آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

BRAMPTON

Media Release

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca